## پاکستان کے منتخب نمائندوں کی اکثریت کا آصف زرداری پر اعتماد کا
## اظہار کرنا جمہوریت کے مستقبل کیلئے نیک شگون ہے، الطاف حسین
## صدارتی انتخاب میں آصف علی زرداری کی بھاری اکثریت سے کامیابی پر تہنیتی بیان

لندن۔۔۔6، ستمبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدارتی انتخاب میں پیپلز پارٹی، ایم کیوایم اور دیگر اتحادی جماعتوں کے نامزد امیدوار آصف علی زرداری کی بھاری اکثریت سے کامیابی پر نومنتخب صدر مملکت آصف علی زرداری، پیپلز پارٹی سمیت تمام سیاسی ومذہبی جماعتوں کے رہنماؤں، کارکنوں اور محبّ وطن عوام کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک تہنیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کے عوام کے نمائندوں کی جانب سے آصف علی زرداری پر اعتماد کا اظہار پاکستان میں جمہوریت کے مستقبل کیلئے نیک شگون ہے۔ جناب الطاف حسین نے امید ظاہر کی کہ نومنتخب صدر مملکت آصف علی زرداری ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور مظاہرہ کریں گے۔ جناب الطاف حسین نے آصف علی زرداری کی واضح اکثریت سے کامیابی پر نومنتخب صدر مملکت، ملک بھر کے عوام اور ان کے منتخب نمائندگان کو دل کی گہرائی سے مبارکباد پیش کی ہے۔

## الطاف حسین کی پیر صاحب پگارا اور غلام مصطفیٰ جتوئی سے فون پر گفتگو، آصف زرداری کی کامیابی پر مبارکباد پیش کی
## آصف زرداری کی کامیابی جمہوریت اور پاکستان کے عوام کی فتح ہے۔ الطاف حسین
## پہلی مرتبہ سندھ کی تمام سیاسی قوتیں ایک ہوئی ہیں جو نیک شگون ہے اور اس کا کریڈٹ آپ کو جاتا ہے۔ غلام مصطفیٰ جتوئی
## یہ گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد کی مہربانی ہے۔ پیر پگارا

لندن۔۔۔6، ستمبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدارتی انتخابات میں پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری کی کامیابی پر پاکستان مسلم لیگ فنکشنل کے سربراہ پیر صاحب پگارا اور نیشنل پیپلز پارٹی کے سربراہ غلام مصطفیٰ جتوئی کو فون کر کے مبارکباد پیش کی اور ان کے ارکان کی جانب سے آصف زرداری کو ووٹ دینے پر شکریہ ادا کیا۔ پیر صاحب پگارا اور غلام مصطفیٰ جتوئی نے بھی آصف علی زرداری کی کامیابی پر جناب الطاف حسین کو مبارکباد پیش کی۔ جناب الطاف حسین نے پیر پگارا اور غلام مصطفیٰ جتوئی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آصف زرداری کی کامیابی جمہوریت اور پاکستان کے عوام کی فتح ہے جس پر ملک بھر کے عوام مبارکباد کے مستحق ہیں۔ غلام مصطفیٰ جتوئی نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ آصف زرداری کی کامیابی آپ کی کامیابی ہے۔ انہوں نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ سندھ کی تاریخ میں پہلی مرتبہ سندھ کی تمام سیاسی قوتیں ایک ہوئی ہیں جو ایک نیک شگون ہے اور اس کا کریڈٹ آپ کو جاتا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ آصف علی زرداری جمہوریت کے فروغ کیلئے تمام سیاسی جماعتوں کو ساتھ لیکر چلیں گے۔ جناب الطاف حسین نے آصف زرداری کو ووٹ دینے پر پیر صاحب پگارا کا شکریہ ادا کیا۔ اس پر پیر صاحب پگارا نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ یہ گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد کی مہربانی ہے۔

## آصف علی زرداری کی کامیابی کی خوشی میں کارکنان وعوام شکرانے کے نوافل ادا کریں، الطاف حسین

لندن۔۔۔6، ستمبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام سے اپیل کی کہ وہ صدارتی انتخابات میں پیپلز پارٹی اور اتحادی جماعتوں کے نامزد امیدوار آصف علی زرداری کی بھاری اکثریت سے کامیابی پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں اور شکرانے کے نوافل ادا کریں۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے مسلم بزرگوں، ماؤں، بہنوں اور نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ آصف علی زرداری کی بھاری اکثریت سے کامیابی پر شکرانے کے نوافل ادا کریں۔ جناب الطاف حسین نے دیگر مذاہب سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم کے کارکنان وعوام سے بھی اپیل کی کہ وہ اس کامیابی کی خوشی میں اپنے اپنے عقیدے کے مطابق عبادت کریں اور اس کامیابی پر شکرانہ ادا کریں۔

## آصف علی زرداری کوصوبہ سندھ سے سوفیصد ووٹ ملے، الطاف حسین

## یہ فتح ہماری نہیں بلکہ آپ کی فتح ہے، یوسف رضا گیلانی

## وزیراعظم یوسف رضا گیلانی کی الطاف حسین سے ٹیلی فون پر گفتگو

## صدارتی انتخاب میں آصف زرداری کی بھاری اکثریت سے کامیابی پر مبارکباد کا تبادلہ

لندن۔۔۔6، ستمبر 2008ء

وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن ٹیلی فون کر کے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین سے گفتگو کی اورانہیں صدارتی انتخاب میں آصف علی زرداری کی بھاری اکثریت سے کامیابی پر دلی مبارکباد پیش کی ۔ جناب الطاف حسین نے وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ صوبہ سندھ کی تاریخ کا منفرد واقعہ ہے کہ صدارتی انتخاب میں ہمارے نامزد امیدوار آصف علی زرداری کوصوبہ سندھ سے سوفیصد ووٹ ملے جواس بات کا ثبوت ہے کہ سندھ کے عوام متحد اور منظم ہیں ۔انہوں نے آصف علی زرداری کی بھاری اکثریت سے کامیابی پر وزیراعظم کو دلی مبارکباد پیش کی۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے صدارتی امیدوار آصف علی زرداری کی بھاری اکثریت سے کامیابی آپکی عملی کاوش، مہربانی اور وژن کی مرہون منت ہےاور یہ فتح ہماری نہیں بلکہ آپ کی فتح ہے۔ وزیراعظم یوسف رضا گیلانی نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ آپ نے ملک کی بقاء وسلامتی کیلئے جو کردارادا کیا ہے وہ ناقابل فراموش ہے اورانشاءاللہ ہم مل کر پاکستان اوراس کے عوام کی خدمت کریں گے ۔

## الطاف حسین کی چوہدری شجاعت حسین اور مسلم لیگ ق کے صدارتی امیدوار مشاہد حسین سید سے فون پر گفتگو

## صدارتی انتخاب میں مثبت اور جمہوری انداز میں حصہ لینے پر خراج تحسین پیش کیا

## ہم سب انشاءاللہ سیاسی اختلافات کوایک طرف رکھ کر ملک کی خاطر ملکر کام کریں گے۔الطاف حسین

## آپ نے ہمارا بہت حوصلہ بڑھایا ہے، ہمارے باہمی تعلقات اسی طرح قائم رہینگے ۔چوہدری شجاعت حسین، مشاہد حسین

لندن۔۔۔6 ستمبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدارتی انتخاب کے نتائج کے بعد مسلم لیگ ق کے صدر چوہدری شجاعت حسین اور مسلم لیگ ق کے صدارتی امیدوار مشاہد حسین سید سے فون پر گفتگو کی اورصدارتی انتخاب میں مثبت اور جمہوری انداز میں حصہ لینے پر انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے چوہدری شجاعت حسین اور مشاہد حسین سید سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے ثابت قدمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی جماعت کی شناخت برقرار رکھی اور جس طرح جمہوری انداز میں انتخاب میں حصہ لیا اور مثبت طرزعمل اختیار کیا وہ خوش آئند ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک جس نازک صورتحال سے دوچار ہےاس کے پیش نظر ہم سب انشاءاللہ سیاسی اختلافات کوایک طرف رکھ کر ملک کی خاطر ملکر کام کریں گے ۔ چوہدری شجاعت حسین اور مشاہد حسین سید نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ ہم نے انتخابی نتائج کی پرواہ کئے بغیر جمہوری انداز میں اپنی مہم چلائی اوراپنا مؤقف پیش کیا۔انہوں نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ آپ نے ہمارا بہت حوصلہ بڑھایا ہےاور ہمارے باہمی تعلقات اسی طرح قائم رہیں گےاور ہم ملک کیلئے مل جل کر کام کرتے رہیں گے ۔

## سندھ کے منتخب عوامی نمائندوں نے اتحاد کا تاریخی مظاہرہ کر کے ثابت کر دیا ہے کہ سندھ ایک ہے۔الطاف حسین

## وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ،اسپیکر ڈاکٹر نثار کھوڑو،پیر مظہر الحق اور پیپلز پارٹی کے دیگر رہنماؤں سے نائن زیرو پر ٹیلیفون پر گفتگو

## آپ نے سندھ کا سچا سپوت ہونے کا ثبوت دیا ہے۔قائم علی شاہ کی قائد تحریک الطاف حسین سے گفتگو

لندن۔۔۔6 ستمبر 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ صدارتی انتخاب کے موقع پر سندھ کے منتخب عوامی نمائندوں نے اتحاد کا تاریخی مظاہرہ کر کے ثابت کر دیا ہے کہ سندھ ایک ہے۔انہوں نے یہ بات آج ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر سندھ کے وزیراعلیٰ سید قائم علی شاہ،سندھ اسمبلی کے اسپیکر ڈاکٹر نثار کھوڑو،صوبائی وزیر اور سندھ اسمبلی میں پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر پیر مظہر الحق اور پیپلز پارٹی کے دیگر رہنماؤں سے ٹیلیفون پر بات چیت کرتے ہوئے کہی جو صدارتی انتخاب میں آصف علی زرداری کی کامیابی پر مبارکباد اور بھرپور حمایت وتعاون کرنے پر شکریہ ادا کرنے آئے تھے۔وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آصف زرداری صاحب آپکے امیدوار تھے،آپ نے ان کا نام تجویز کیا اور آپ اور آپکے ساتھیوں نے انکی کامیابی کیلئے کوششیں کیں اس پر ہم آپکے شکر گزار ہیں،آپ نے سندھ کا سچا سپوت ہونے کا ثبوت دیا ہے۔قائم علی شاہ نے کہا کہ ہم گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد کے بھی شکر گزار ہیں جنہوں نے آصف زرداری صاحب کی کامیابی کیلئے پیر پگارا اور دیگر شخصیات سے رابطے کئے۔سندھ اسمبلی میں پیپلز پارٹی کے پارلیمانی لیڈر پیر مظہر الحق نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ ہم آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ آپ نے آصف زرداری صاحب کو نہ صرف نامزد کیا بلکہ ان کی کامیابی کیلئے کوششیں بھی کیں۔آپ کا یہ عمل سندھ اور ہماری آئندہ نسلوں کے بہتر مستقبل کیلئے ہے۔پیر مظہر الحق نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ آج سندھ نے ثابت کر دیا ہے کہ وہ متحد ہے اور اس کے اتحاد کیلئے سب سے پہلے کوشش آپ نے کی۔سندھ اسمبلی کے اسپیکر ڈاکٹر نثار کھوڑو نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ صدارتی انتخابات کے سلسلے میں آپ نے جو انتہائی مثبت کردار ادا کیا ہے اس سے نہ صرف سندھ پر مثبت اثرات مرتبہ ہونگے بلکہ پورے ملک پر بھی بہت اچھا اثر پڑے گا۔جناب الطاف حسین نے وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ اور پیپلز پارٹی کے دیگر رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آج سندھ کے منتخب عوامی نمائندوں نے اتحاد کا تاریخی مظاہرہ کر کے ثابت کر دیا ہے کہ سندھ ایک ہے اور یہ خوشی کی بات ہے کہ سندھ کا ایک ووٹ بھی دوسری طرف نہیں گیا۔انہوں نے کہا کہ تیزی سے بدلتے ہوئے بین الاقوامی حالات اور جنوبی ایشیا میں ہونے والی تبدیلیوں کے پیش نظر اتحاد کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ ہم ملک خصوصاً سندھ کی ترقی وخوشحالی اور عوام کے مسائل کے حل کیلئے پیپلز پارٹی کے ساتھ ملکر کام کریں گے اور ہر کڑے وقت میں ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر ساتھ کھڑے رہیں گے۔انہوں نے وزیراعلیٰ سندھ اور تمام رہنماؤں سے کہا کہ ہم سب کو ملکر جمہوریت کے استحکام،سندھ کے حقوق کے حصول اور سندھ کی ترقی وخوشحالی کیلئے جدوجہد کرنا ہے کیونکہ سندھ ترقی کرے گا تو پاکستان ترقی کرے اور سندھ مضبوط ہوگا تو پاکستان مضبوط ہوگا۔پیپلز پارٹی کے رہنماؤں نے جمہوریت کے فروغ اور سندھ کے حقوق کے حصول کیلئے ایم کیوایم اور جناب الطاف حسین کی جدوجہد کو سراہا۔نائن زیرو آنے والوں میں پیپلز پارٹی کے رہنما راشد ربانی اور وقار مہدی بھی شامل تھے۔

☆☆☆☆☆